© rasailojaraid.com

دو کالم ہیں اور ہر کالم میں 50 سطریں ہیں اِس لغت میں لفظ کے اندراج کے بعد اُس کا تلفظ، اعراب مکتوبی اور قوسین میں اعراب ملفوظی دیے گئے ہیں اور قواعدی حیثیت کے بعد تذکیر و تانیث بتائی گئی ہے اِس کے بعد معنی کی تفہیم اور لفظ کے مترادِفات دینے کے بجائے ہر معنی کی جامع تشریح مع اسناد اور حوالاجات دیے گئے ہیں۔ لغت میں ایک معنی کے لیے جو اسناد درج کی گئی ہیں اُس کے تین تاریخی ادوار قائم کیے گئے ہیں۔

۳۔ کتاب کا نام: اُردو لغت نویسی، تاریخ، مسائل اور مباحث

تالیف: ڈاکٹر رؤف پاریکھ

ناشر: مقتدرہ قومی زبان، پاکستان

ضخامت: ۷۱۶ صفحات

سنہ اشاعت: ۲۰۱۰ء

مبصر: سیّد طارق حسین رضوی، پی ایچ۔ ڈی اسکالر، شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی، جامشورو

اُردو لغت نویسی کی تاریخ، لغت نویسی کے اُصول اور اس کے مسائل اور مباحث کے موضوع پر اُردو میں بہت سا مواد مختلف علمی و تحقیقی جرائد میں منتشر ہے۔ پیشِ نظر کتاب اس موضوع پر نہایت اہم اور جامع کتاب ہے جسے معروف محقق، ماہرِ لسانیات، سابق مدیرِ اعلیٰ اُردو لغت بورڈ کراچی اور جامعۂ کراچی شعبۂ اردو کے استاد ڈاکٹر رؤف پاریکھ نے بسیط مقدّمے کے ساتھ پیش کیا ہے۔ لغت نویسی کے مختلف پہلوؤں کے لحاظ سے یہ کتاب تین حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصہ میں ''تاریخ و تعارف''، کے تحت ۲۳ مقالات پیش کیے گئے ہیں۔ دوسرے حصے میں ''اُصول و مسائل'' کے تحت ۶ مقالات لغت نویسی کے اصولوں، ضروریات، تکنیکی تقاضوں، لغت نویسی کے مسائل اس کے طریقوں اور لغات کی اقسام وغیرہ سے متعلق ہیں۔ تیسرے حصے میں ''تنقیدی مباحث'' کے تحت ۱۲ مقالات اُردو کی اہم لغات کے تحقیقی اور تنقیدی جائزوں پر مبنی ہیں۔ تحقیق، اساتذہ، طلبہ اور اہلِ علم کے لیے یہ کتاب اردو لغت نویسی کی تاریخ اُصول، مباحث اور مسائل کے مطالعے میں معاون ثابت ہوگی۔



© rasailojaraid.com